بچے کا نام "مہرش رضا" رکھنا

مجیب: مولانا اعظم عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3753

تاریخ اجراء: 15 شوال المکرم 1446ھ / 14 اپریل 2025ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس بارے میں کہ بچے کا نام مہرش رضا رکھ سکتے ہیں یا نہیں رکھ سکتے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

مہرش فارسی کے دو الفاظ کا مجموعہ ہے اور اس کا معنی ہے "اس کا سورج" معنی کے لحاظ سے یہ نام رکھ سکتے ہیں، البتہ! مستحب اور بہتر یہ ہے کہ بچے کا نام انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام یا صحابہ و تابعین و بزرگان دِین علیہم الرضوان کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب دی گئی ہے اور امید ہے کہ ایسا کرنے سے ان کی برکت بچہ کے شامل حال ہو جائے۔ فیروز اللغات فارسی-اردو میں ہے: "مِہر: سورج، آفتاب، خورشید" (فیروز اللغات، صفحہ 1108، مطبوعہ لاہور)

اسی میں ہے: "شین: لفظ کے آخر میں آئے تو ضمیر واحد غائب کے معنوں میں آتا ہے مثلاً کتابش اس کی کتاب- دید مش میں نے اسے دیکھا۔" (فیروز اللغات، صفحہ 1108، مطبوعہ لاہور)

تاریخ دمشق لابن عساکر میں ہے:

"عن عائشة قالت قال رسول الله (صلى الله عليه وسلم) اطلبوا الخير عند حسان الوجوه و تسموا بخيار كم"

ترجمہ: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: بھلائی خوبصورت چہرے والوں کے ہاں ڈھونڈو اور اپنے اچھے لوگوں کے ناموں پر بچوں کے نام رکھو۔ (تاریخ دمشق لابن عساکر، جلد 22، صفحہ 184، دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع)

بہار شریعت میں ہے:”بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شامل حال ہو۔“ (بہار شریعت، جلد3، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَ اللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَ سَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net